


# پری فزیبلیٹی تحقیق

## (اچار کی پیداوار، پراسسنگ ، پیکجنگ اور مارکیٹنگ)

SMEDA

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر3، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون92 42 111 111 456

فیکس92 42 36304926-7

helpdesk@smeda.org.pk

**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر3، فلور:3، ایوان اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون:(042) 111-111-456

فیکس نمبر:(0423)6304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس2، فلور5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون:(021) 111-111-456

فیکس نمبر:(021) 5610572

helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخواہ**

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون:(091) 9213046-47

فیکس نمبر:(091) 286908

helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

بنگلو نمبر:15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون:(081) 831623, 831702

فیکس نمبر:(081) 2831922

helpdesk-qta@smeda.org.pk

**نوٹ**: سمیڈا کی جانب سے وزیراعظم یوتھ بزنس لون سے متعلقہ تمام سہولیات اور معلومات مفت فراہم کی جارہی ہیں

# فہرست عنوانات


| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | اظہار لاتعلقی | 2 |
| 2 | دستاویز کا مقصد | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 2 |
| 4 | سکیم کا تعارف | 2 |
| 5 | اجمالی جائزہ | 3 |
| 6 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 3 |
| 7 | انتہائی قابل توجہ امور | 4 |
| 8 | ابتدائی و عملی استعداد | 4 |
| 9 | سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع | 5 |
| 10 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 5 |
| 11 | پیداواری گردشِ عمل (پروڈکشن پراسس فلو) | 5 |
| 12 | منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ | 5 |
| 12.1 | معاشی کیفیت | 6 |
| 12.2 | درکار سرمایہ | 6 |
| 12.3 | کل لاگت کاروبار | 6 |
| 12.4 | درکار زمین | 7 |
| 12.5 | مشینری اور آلات کی تفصیل | 7 |
| 12.6 | دفتری سامان | 8 |
| 12.7 | درکار خام مال | 8 |
| 12.8 | درکار افرادی قوت | 9 |
| 12.9 | آمدن متوقع پیداوار اور آمدن کا جدول | 9 |
| 12.10 | متفرق لاگتیں | 10 |
| 13 | ضمیمہ جات | 10 |
| 13.1 | سودمند انتظامی تجاویز | 10 |
| 13.2 | کارآمد روابط | 11 |
| 13.3 | کلیدی مفروضے | 12 |
| 13.4 | آمدن کا گوشوارہ | 13 |
| 13.5 | گردش نقد کا کھاتہ (کیش فلو) | 14 |
| 13.6 | اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 15 |

## 1. اظہارلاتعلقی

یہ معلوماتی مواداس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔اگر چہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔یہ معلومات جو ہے جیسے ہے کی بنیاد پر دی گئی ہیں جس کے لئے سمیڈا،اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔البتہ اس کام کو کرتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ SMEDA نے تیار کی ہے۔SMEDA کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے SMEDA کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## 2. دستاویز کا مقصد

اس پیش از آغاز کاروبار تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت،اس کے آغاز،تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔زیر نظر دستاویز میں اچار سازی کا کاروبار قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔ کاروبار کی ایسی اقسام ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی،عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات میسر نہیں ہیں۔لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد از اں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیئے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 3. سمیڈا کا تعارف:

سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998 میں چھوٹے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کے تصور کی چھوٹے کاروباریوں کے قیام کے ذریعے سے تکمیل کے لئے عمل میں لایا گیا۔سمال بزنس کے فروغ،چھوٹے کاروباریوں کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے لئے اور اس ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے کاروباریوں کا تعارف،طریقہ کار،سرمائے کے حصول کے مواقع،کاروبار جمانے کے لئے معلومات،تکنیکی پلان مہیا کرنے،ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔اس سکیم کے ساتھ سمیڈا کاروبار شروع کرنے والوں کو بزنس ڈویلپمنٹ کی سہولت بھی مہیا کرتی ہے۔اس سہولت میں متعلقہ شعبے کے ماہرین اور پرانے کاروباریوں کا تعارف اور ان سے باہم مشورہ کرنے کے مواقع فراہم کرنا شامل ہیں۔اس کام کے لئے سمیڈا میں ہیلپ لائن ڈیسک قائم کئے گئے ہیں۔

## 4- سکیم کا تعارف

وزیراعظم کی چھوٹے کاروبار کے لئے قرضہ سکیم نوجوان افراد کے لئے شروع کی جارہی ہے۔اس سکیم کے لئے مالی سال 14-2013 میں پانچ ارب روپے مختص کیئے گئے ہیں۔سکیم کے تحت ابتدائی طور پر نیشنل بنک اور فرسٹ ویمن بنک کے ذریعے ایک لاکھ افراد کو سالانہ %8 شرح منافع کی بنیاد پر 20 لاکھ روپے تک کے قرضے دیئے جائیں گے۔ آٹھ سال کے عرصے کے لئے جس میں ایک سال کی رعایتی مدت بھی شامل ہے۔چھوٹے کاروباری قرضے کے لئے ملک بھر کے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو 90:10 فیصد کے تناسب سے قرضے دیئے جائیں گے۔%90 سرمایہ حکومت جبکہ دس فیصد کاروباری افراد لگائیں گے۔سکیم کے تحت پنجاب،سندھ،خیبر پختونخواہ، بلوچستان،گلگت بلتستان،آزاد کشمیر اور فاٹا کے عوام کو قرضوں کے حصول کی سہولت حاصل ہوگی۔روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور قومی آمدنی میں اضافے کے لئے چلنے والی اس

سکیم کا مقصد چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے کی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

سکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے میں وسعت اور مقابلے کے رجحان کے لئے حکومت ہرممکن مدد فراہم کرے گی۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو ترقی دینے کے ادارےSMEDA نے وزیر اعظم کی چھوٹے کاروباری قرضہ سکیم کے لئے پچاس شعبوں کی نشاندہی کی ہے ۔اس حوالے سے ملک بھر میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کے لئے حکومت ہرممکن معاونت کرے گی۔ تاہم سکیم کا دائرہ کارصرف انہی پچاس قسم کے کاروبار تک محدود نہیں ہے۔ کاروباری افراد کسی بھی بہتر منصوبے کی نشاندھی کر سکتے ہیں ۔SMEDA کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ہر طرح کی تکنیکی رہنمائی فراہم کرے گا اور اس سلسلے میں ادارے کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk سے مدد بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔

## 5. اجمالی جائزہ

اچار کی پیداوار، پراسسنگ، پیکنگ اور مارکیٹنگ کا کاروبار پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں شروع کیا جاسکتا ہے۔ان شہروں میں ترجیحاً کراچی، حیدرآباد، سکھر، شکارپور، لاہور، ملتان، پشاور اور راولپنڈی شامل ہیں۔اس منصوبے کی پیداوار میں ہول سیل کے لئے بڑی پیکنگ اور صارفین کے لئے مصنوعات کی چھوٹی پیکنگ شامل ہے۔اس کاروبار میں اندرونی شرح منافع 68%اور کل لاگت کی مدت واپسی 2.2 سال ہے۔اس کام میں تخمینہ لاگت کل 2,133,580روپے ہے جس میں مستقل لاگت1,000,000روپےاور1,133,580روپے نظام کار چلانے کے لیے ضروری ہوں گے۔

منصوبے کی کامیابی کے لئے مندرجہ ذیل عوامل سب سے اہم ہیں۔

1۔مصنوعات کا معیار اور ان کی قیمت

2۔ترکیب اور پیداواری عمل

3۔واجبات کی بروقت وصولی

## 6. کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان

اچار پھلوں اور سبزیوں کو سرکے یا تیل میں چینی یا مصالحوں کے ساتھ محفوظ کرنے کے بعد حاصل شدہ چیز کا عام فہم نام ہے۔ برصغیر میں کھانے کے ساتھ استعمال ہونے والی چیزوں میں اچار ایک مستقل شے ہے ۔زیر نظر کام میں چار مشہور طرز کے اچار کی تیاری اور فروخت کی جائے گی جس میں مرچ، آم، لیموں، لہسن اور ان کے مجموعے کا اچار تیار ہوگا۔ابتدا میں چار مختلف قسم کے اچار ایک مقدار میں تیار کرکے مختلف اوزان میں محفوظ کرکے فروخت کئے جائیں گے اور مکس اچار انہی میں سے مقدار شامل کرکے منڈی کی طلب کے مطابق تیار ہوگا۔ یہ کام انفرادی ملکیت میں پاکستان کے کسی بھی بڑے شہر میں کیا جاسکتا ہے۔

اس کام میں سالانہ 100,000 کلوگرام اچار تیار کیا جا سکے گا۔البتہ یہ یونٹ استعداد کا60 فیصد یعنی60,000 کلو سالانہ اچار تیار اور فروخت کرے گا اور بتدریج ہر سال 10 فیصد پیداواری اضافہ کرے گا۔اچار کی تیاری محفوظ کرنے کے لیے قریباً1800 اسکوائرفٹ کی جگہ کی ضرورت ہے۔ یہ جگہ پیداوار ،محفوظ کرنے ،ذخیرہ کرنے اور انتظامی امور کے دفتر کے لیے استعمال ہوگی۔ قیمتوں کے اتار چڑھاؤ سے بچنے کے لیے دو ماہ کے لیے درکار پھل، سبزیاں، بوتلیں، لیبل، کارٹن وغیرہ ایک ہی مرتبہ خرید کر رکھ لی جائیں گی۔اچار کی تیاری اور پیکنگ کے لیے ضروری مشینیں بھی خریدنا ضروری ہے۔

**پیداوار:**

چار قسم کے عام طور پر استعمال کئے جانے والے اچار جس میں مرچ، آم، لیموں، ادرک اور مکس اچار شامل ہیں، مختلف سائز کی پیکنگ میں تیار کیے جائیں گے

۔اچار کی تمام اقسام 330 گرام، 450 گرام، ایک کلوگرام، 1.8 کلوگرام اور 5 کلوگرام کے پیک بنائے جائیں گے۔ 330 گرام سے لے کر 1.8 کلو اچار بوتلوں میں جب کہ اس کے زیادہ اوزان کے اچار پولی تھین بیگ میں دستیاب ہوگا۔ 5 کلوگرام اچار پلاسٹک کی بالٹی میں فروخت کیا جائے گا جسے کھلا اچار کہا جاتا ہے۔

### کاروبار کے لیے مناسب جگہ و متوقع خریدار:

کسی ایسی جگہ پر یونٹ کا قیام مناسب ہوگا جہاں سے متوقع خریدار قریب ہوں تاکہ ترسیل کی لاگت کم آئے۔ اس کام کے لیے پاکستان کے بڑے شہر مثلاً کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور، حیدرآباد، لاڑکانہ، شکارپور، سکھر اور ملتان مناسب ہیں۔

### درکار انسانی وسائل:

اچار کی تیاری اور فروخت کے لیے آٹھ افراد کافی رہیں گے۔

## 7. انتہائی قابل توجہ امور

☆ مصنوعات کا معیار اور حفظان صحت پر عمل

☆ بہتر پیکنگ اور مال کی ترسیل

☆ خام مال کی بروقت خریداری

☆ بہتر تشہیری مہم

## 8. ابتدائی و عملی استعداد

اچار کے کاروبار کے لئے پیداواری استطاعت علاقے میں لوگوں کی آمدن پر منحصر ہے۔ اس لئے علاقہ کے فرق سے کاروبار کے سائز میں فرق ہوگا۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل دو طرح کے کاروباری طریقے ہوسکتے ہیں۔

### بوتل اور پلاسٹک بیگ کی پیکنگ والا اچار

1۔ کم آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 40% تا 50%

2۔ درمیانے اور زیادہ آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 50% تا 60%

### ہول سیل کی بڑی پیکنگ

1۔ کم آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 70% تا 80%

2۔ درمیانے اور زیادہ آمدنی والے علاقے ۔سیل کا 20% تا 30%

پراجیکٹ میں سالانہ 100,000 کلوگرام اچار تیار کرنے کی استعداد ہوگی۔ البتہ آغاز میں 60,000 کلوگرام سالانہ تیار کیا جائے گا۔

## 9. سرمایہ کاری کے لئے جغرافیائی مواقع

آج کل اچار زیادہ تر گھروں کے اندر تیار کیا جاتا ہے اور چونکہ اچار تیار کرنے اور اسے پیک کرنے کا طریقہ آسان ہے اس لئے اس کے لئے کوئی خصوصی جگہ کا زیادہ موزوں ہونا اہم نہیں ہے۔ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ یہ کاروبار اس جگہ یا علاقے میں قائم کیا جائے جہاں اچار کی مارکیٹ قریب ہوتا کہ منڈی تک نقل وحمل کا خرچہ بچایا جا سکے۔اس کام کے لیے پاکستان کے بڑے شہر مثلاً کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور، حیدرآباد، لاڑکانہ، شکارپور، سکھر اور ملتان مناسب ہیں جہاں160 ملین سے زیادہ مقامی خریدار موجود ہیں۔

## 10. متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے

برصغیر میں کھانے کے ساتھ اچار ایک لازمی سمجھا جاتا ہے۔تجارتی پیمانوں پر اچار کی تیاری کے بعد اس کی مانگ میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔روائتی طور پر پاکستان اور بھارت میں گھر کا بنا اچار استعمال کیا جاتا ہے۔تاہم اس کے استعمال اور شہری طرز زندگی نے اس کی تجارتی پیمانے پر تیاری کو دھکا لگایا ہے۔ملک میں 180 ملین سے زیادہ استعمال کنندگان کی موجودگی میں اس کاروبار میں ممکنہ سرمایہ کاری کے مواقع بہت زیادہ ہیں۔اس کاروبار کیلئے موزوں ترین شہر کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، حیدرآباد، لاڑکانہ، سکھر اور ملتان ہوں گے۔برآمد کرنے کے لئے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور برطانیہ جیسے مما لک زیادہ اہم ہیں۔

## 11. پیداواری گردشِ عمل (پروڈکشن پراسیس فلو)

پاکستان میں چار دو بنیادی طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے۔اول، پانی والا اچار دوئم تیل والا اچار۔پاکستانی مارکیٹ میں بالعموم پانی والا اچار دستیاب ہے، جبکہ گھریلو طور پر تیل والا اچار بنایا جاتا ہے۔گھریلو طور پر اچار تیار کرنے کا مروجہ طریقہ درج ذیل ہے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبزی/ پھل کو گرم پانی سے دھونا | مطلوبہ سائز کے ٹکڑے کرنا | کسی بڑے برتن میں ڈال کر مطلوبہ مصالحے ڈالنا | تیل ڈال کر تمام اچار کو اس میں ڈبونا | اچار کے برتن کو دھوپ میں رکھنا/ ہوا کا راستہ رکھنا/ 15 دن تک روزانہ ہلانا | اچار تیار ہے۔اچار کو پیک کر کے روشنی سے دور رکھنا |

وزیر اعظم کی یوتھ بزنس لون سکیم کے تحت اس پراجیکٹ کے کے قیام وانتظام کے لئے ایک تفصیلی ماڈل وضع کیا گیا ہے جس سے اس کی متوقع کامیابی کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس میں مختلف تصورات کے ذریعے کاروبار کو درپیش مختلف مسائل کی صورت میں آمدنی کے امکانات کا جائزہ لیا گیا ہے

## 12- منصوبے کی کل لاگت کا خلاصہ

### 12.1- معاشی کیفیت

متوقع آمدن، گردشِ نقد کا کھاتہ اور اثاثوں اور وسیلہ جات کے گوشوارے آخر میں دیئے گئے ہیں۔

مندرجہ ذیل جدول سے اندرونی شرح کی ادائیگی اور واپسی کی مدت کا پتہ چلتا ہے۔

جدول 1 منصوبے کی معاشی کیفیت

| نمبر شمار | مندرجات | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | اندرونی شرح منافع(IRR) | 68% |
| 2 | کل لاگت کی مدت واپسی(Payback) | 2.2سال |
| 3 | موجودہ قدر حاصل(NPV) | 15,733,410روپے |

## 12.2- درکار سرمایہ

مندرجہ ذیل جدول میں بینک کے قرض سے متعلق مطلوبہ ایکوئٹی اور کمی بیشی کی تفصیل فراہم کرتا ہے۔

جدول2۔ درکار سرمایہ

| مندرجات | تفصیل |
|---|---|
| کل درکار ذاتی سرمایہ | 213,358روپے |
| بینک کا قرضہ | 1,920,222روپے |
| قرض پر شرح سود | 8% |
| قرضے کی واپسی کی کل مدت | 8سال |
| رعائتی مدت | 1سال |

## 12.3- کل لاگت کاروبار

مجوزہ کاروبار کے لئے درج ذیل اشیاء درکار ہیں

جدول3۔ لاگت کاروبار

| اخراجات | رقم (روپوں میں) |
|---|---|
| ایڈوانس کرایہ | 150,000 |
| عمارت کو کام کے قابل بنانا | 150,000 |
| دفتری لوازمات | 100,000 |
| مشینیں ومتفرقات | 600,000 |
| کل بنیادی خرچ | 1,000,000 |

| | |
|---|---|
| روزمرہ اخراجات کے لیے رقم | 1,133,580 |
| **کل لاگتِ کاروبار** | **2,133,580** |

## 12.4. درکار زمین

درکار جگہ کی تقسیم اس انداز میں ہوگی کہ اس میں دفتر اور اسٹور بھی بن سکیں۔ اچار کی پیداوار، تیاری اور پیکنگ کیلئے کل جگہ 200 مربع گز (1800 مربع فٹ) درکار ہوگی۔ اس جگہ میں اچار کی تیاری، پیکنگ، اسٹورج اور انتظامی دفاتر ہوں گے۔ تاہم اس یونٹ کیلئے لگے بندھے اصول نہیں ہیں۔ ذیل میں درکار جگہ کی تقسیم کا خاکہ دیا گیا ہے۔

جدول 4: درکار جگہ

| درکار زمین (مربع فٹ) | مربع فٹ | تعمیر و مرمت کی رقم (روپے) |
|---|---|---|
| دفتر | 200 | 25,000 |
| فیکٹری | 1,400 | 100,000 |
| سٹور | 200 | 25,000 |
| **کل جگہ** | **1,800** | **150,000** |

اچار کی پیداوار، تیاری اور پیکنگ کیلئے کل جگہ 200 مربع گز (1800 مربع فٹ) درکار ہوگی جو کہ کرایہ پر حاصل کی جائے گی اور اس کا ماہانہ کرایہ 25,000 روپے تک ہوگا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ یہ ایک تیار شدہ مکان ہوگا۔ تاہم اس کو اپنی سہولت کے مطابق بنانے پر 150,000 روپے خرچہ اٹھے گا۔

## 12.5. مشینری اور آلات کی تفصیل

اچار بنانے والے کارخانے کو صرف اچار کی مکسنگ اور پیکنگ کیلئے مشینری درکار ہوگی۔ اچار کی پیکنگ کیلئے مارکیٹ میں مقامی اور درآمد شدہ مشینری دستیاب ہے۔ مقامی تیار شدہ مشینری بھی اطلاع کے مطابق اچھی کارگردگی کی حامل ہے اور بعد از استعمال فروخت بھی ہو جاتی ہے۔

ذیل کی جدول اچار سازی کیلئے درکار مشینری کی تفصیل ظاہر کرتا ہے۔

جدول 5۔ مشینری اور آلات کی تفصیل

| مندرجات | صلاحیت (یونٹ / گھنٹہ) | تعداد | لاگت (روپے / یونٹ) | کل رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| مکسنگ مشین | 100 کلوگرام / گھنٹہ | 1 | 150,000 | 150,000 |
| برتن، سیف، چین & دیگر آلات | ۔ | 1 | 100,000 | 100,000 |
| پیکنگ مشین | 100 کلوگرام / گھنٹہ | 1 | 350,000 | 350,000 |
| کل رقم | | | | 600,000 |

## 12.6 دفتری سامان:

دفتری / فیکٹری کے سامان / فرنیچر کے حصول کیلئے 100,000 روپے کی مفروضہ رقم مختص کی گئی ہے۔اس سامان میں کمپیوٹر، پرنٹر،فیکس، میز، ڈیسک اور کرسیاں وغیرہ شامل ہوں گی۔ دفتری سامان اور تنصیبات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

### جدول 6: دفتری سامان پر لاگت

| مندرجات | تعداد | لاگت | رقم |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹرز | 1 | 15,000 | 15,000 |
| کمپیوٹر پرنٹر | 1 | 5,000 | 5,000 |
| ٹیلی فون | 2 | 2,500 | 5,000 |
| فیکس مشین | 1 | 10,000 | 10,000 |
| فرنیچر | 1 | 65,000 | 65,000 |
| کل رقم | | | 100,000 |

## 12.7 درکار خام مال:

درکار خام مال کی فہرست یونٹ کی پیداواری صلاحیت کے مطابق تیار کی جائے گی تاکہ قیمتوں کے اتار چڑھاؤ سے بچا جا سکے۔اس مقصد کیلئے دو مہینوں کے دوران تیار ہونیوالے اچار کیلئے بوتلیں، لیبل اور گتے کے ڈبے حاصل کیے جائیں۔

### جدول 7: خام مال پر لاگت

| اجزاء | یونٹ | ریٹ | تعداد | لاگت |
|---|---|---|---|---|
| آم / مرچ / لہسن / لیموں | کلوگرام | 46.25 | 43,299 | 2,002,584 |
| نمک | کلوگرام | 15 | 1,535 | 23,018 |
| مرچ | کلوگرام | 140 | 1,535 | 214,838 |
| سونف | کلوگرام | 230 | 614 | 141,179 |
| میٹھی بیج | کلوگرام | 80 | 614 | 49,106 |
| کلونجی | کلوگرام | 200 | 614 | 122,765 |
| رائی | کلوگرام | 110 | 614 | 67,521 |
| تیل | کلوگرام | 150 | 12,274 | 1,841,471 |
| کل خام مال لاگت | | | 61,100 | 4,462,482 |

نوٹ: تمام رقم روپوں میں لکھی گئی ہے

**جدول 8: پیکنگ پر لاگت**

| بوتل۔گرام۔لیبل | یونٹ | ریٹ | تعداد | روپے / یونٹ |
|---|---|---|---|---|
| 330 | گرام | 10.50 | 15,000 | 157,500 |
| 450 | گرام | 13.50 | 15,000 | 202,500 |
| 1,000 | گرام | 19.00 | 10,000 | 190,000 |
| 1,800 | گرام | 25.00 | 8,000 | 200,000 |
| 5,000 | گرام | 61.00 | 5,000 | 305,000 |
| کل پیکنگ لاگت | | | | 1,055,000 |

## 12.8 درکار افرادی قوت

**جدول 9: درکار عملہ**

| وضاحت | عملہ کی تعداد | تنخواہ فی ملازم ماہانہ | کل ماہانہ تنخواہ |
|---|---|---|---|
| مالک منیجر | 1 | 25,000 | 25,000 |
| سپروائزر | 1 | 15,000 | 15,000 |
| پروسیسنگ سٹاف | 2 | 10,000 | 20,000 |
| سیلز آفیسر (کمیشن) | 2 | 10,000 | 20,000 |
| کل عملہ | 8 | | 100,000 |

اچار کی تیاری کیلئے خصوصی تربیت یافتہ عملہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے تاہم پیکنگ مشینری کو استعمال کرنے میں ماہر کاریگروں کی ضرورت ہوگی۔ مجوزہ کار کیلئے 8 افراد پر مشتمل عملہ کافی ہوگا جو اچار کی تیاری اور پیکنگ کرے گا۔ اچار کی تیاری اور پیکنگ کیلئے عملہ اور تنخواہوں کی تفصیل پچھلے جدول میں دی جا چکی ہے۔ اس جوکھ کو دھکا لگانے کیلئے اور کامیابی کیلئے مالک / منتظم پیچھے موجود ہوگا۔ اسے روزانہ کے کاروباری معاملات، اکاؤنٹس اور انتظامی امور کو دیکھنا ہوگا۔ تمام ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ 10 فیصد اضافے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

## 12.9۔ متوقع پیداوار اور آمدن

کاروبار کو وسعت دینے کیلئے سالانہ قیمت اور استعداد کار میں اضافے کا اندازہ 10 فیصد سالانہ رکھا گیا ہے۔ یہ کاروبار کی وسعت اور قیمتوں میں استحکام کیلئے ضروری ہوگا۔ اس صنعت کے ماہرین کے ساتھ گفت وشنید کے بعد ہم نے اچار کی مختلف مقدار میں تیاری کے بعد مفروضہ آمدن کی جدول پیش کی ہے۔

**جدول 10: آمدن**

| اچار (وزن گرام میں) | یونٹ | قیمت فروخت | پہلے سال پیداوار | پہلے سال آمدن |
|---|---|---|---|---|
| 330 | تعداد | 50 | 15,000 | 750,000 |
| 450 | تعداد | 90 | 15,000 | 1,350,000 |
| 1000 | تعداد | 150 | 10,000 | 1,500,000 |
| 1800 | تعداد | 260 | 8,000 | 2,080,000 |
| 5000 | تعداد | 700 | 5,000 | 3,500,000 |
| کل آمدن | | | | **9,180,000** |

## 12.10 متفرق لاگتیں

☆ ایک مثالی صنعت قائم کرنے کے پیش نظر خیال کیا جاتا ہے کہ 50 فیصد مال نقد ادائیگی کی بنیاد پر فروخت ہوگا جبکہ بقیہ 50 فیصد مال مقامی دکاندار یا تقسیم کنندگان ادھار پر لیں گے جو کہ 30 دن کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

☆ ادھار کا ایک فیصد ڈوب جائے گا۔

☆ اچار سازی کے کام میں پیکنگ کیلئے بجلی کا استعمال اور پھل سبزیاں صاف کرنے اور دھونے کیلئے پانی کا استعمال بدیہی ہے۔ یوٹیلٹی اخراجات جیسے بجلی، ایندھن، ٹیلی فون اور گیس بل کی مد میں محتاط اندازے کے مطابق 40,500 روپے خرچ ہوں گے۔

☆ اس پری فری پبلسٹی کے مطابق ابتدائی طور پر اچار کی تیاری اور فروخت مقامی طور پر ہوگی۔ ابتدائی طور پر اشتہار بازی کی سکت نہ ہوگی اور گراں بھی ہوگی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ مال کی فروخت کیلئے مقامی لوگوں سے روابط استوار کیے جائیں گے۔ اس مقصد کیلئے ایک اندازے کے مطابق 5 فیصد خرچ اٹھے گا۔ یہ اخراجات کاروباری اجلاسوں، پارٹیوں اور تحائف اور سیلز پروموشن وغیرہ کی مد میں خرچ ہوگی۔

☆ کاروبار چلانے کیلئے متفرق اخراجات کی مد میں اندازے کے مطابق 15,000 روپے ماہانہ خرچ ہوں گے۔ یہ اخراجات دفتری اسٹیشنری، روزمرہ قابل صرف اشیاء، آمدورفت وغیرہ کی مد میں ہوں گے اور ان میں سالانہ 10 فیصد اضافہ کا اندازہ لگایا گیا ہے۔

☆ کاروبار مالکانہ بنیاد پر استوار ہوگا لہٰذا تنخواہ وصول نہ کرنے والے (مالک/مالکان) عملہ سے ٹیکس کاروبار کی نوعیت کے اعتبار سے وصول کیا جائے گا۔

منصوبہ کے مندرجات درج ذیل جدول میں بیان کی گئی ہے۔

| مندرجات | شرح |
|---|---|
| ذاتی سرمائے پر آمدن | 20% |
| حصول سرمایہ کے اخراجات | 8% |

☆ سرمایہ کی لاگت کی بنیاد واجب الادا رقم/ایکویٹی کی شرح 90:10 ہوگی۔

# 13 ضمیمہ جات:

## 13.1 سودمند انتظامی تجاویز:

☆ ٹیکنالوجی

مشینری آلات کی تفصیل درج ذیل جدول میں ملاحظہ فرمائیں۔

| نمبر شمار | مندرجات |
|---|---|
| 1 | مکسنگ مشین |
| 2 | برتن، چھلنیاں، طباق اور دیگر ضروری سامان |
| 3 | پیکنگ مشین |

☆ **درکار توانائی**

اس پہلو کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے اور متبادل ذرائع کا مناسب انتظام کرنا چاہیے۔

☆ **مشینیں فراہم کرنے والے:**

مشینیں فراہم کرنے والے ادارے کو پابند کرلیں کہ وہ آپ کے کارکنان کو مشینیں استعمال کرنے کی تربیت اور بعد از استعمال فروخت میں تعاون کرے گا۔

☆ **بہترین آلات اور اعلیٰ معیار:**

عوام میں اپنی ساکھ بہتر بنانے کیلئے اچار کی تیاری اور پیکنگ کے معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے۔

## مارکیٹنگ

☆ **فروخت اور تقسیم کا بندوبست:**

اس کے لئے ماہرین کے مشورے اور تقسیم کنندگان کے ساتھ معاہدے کی ضرورت ہوگی۔

☆ **قیمت میں رعایت، لاگت اور تعارفی رعایت**

معیار پر کسی بھی قیمت پر سمجھوتہ نہ کریں۔ تعارفی مہم کے دوران قیمتوں میں کمی کاروباری ہتھیار ہوگا۔ قیمت مقرر کرتے وقت لاگت کو ذہن میں رکھیں، حکومت کی مقرر کردہ قیمت آویزاں کرنا ہوگی۔

**عملہ**

عملہ کی تفصیل جدول نمبر 9 میں ملاحظہ فرمائیں۔

☆ **مہارت اور صلاحیت**

ماہر اور تجربہ کار عملہ کو بھی سرمایہ کاری کا حصہ سمجھا جائے یہ منافع میں اضافے کا سبب بنتے ہیں۔

☆ **کارکردگی کا صلہ**

عملہ کی تربیت اور تلاش پر اٹھنے والے اخراجات کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پورا کردے گی۔

## 13.2 کارآمد روابط:

پیکنگ مشینری کے مقامی سپلائر کراچی اور دیگر شہروں میں موجود ہیں جن سے مشینری کے متعلق معلومات کیلئے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس رپورٹ کی تیاری کے دوران مندرجہ ذیل مشینری بنانے والوں کی نشاندہی کی گئی تھی۔

سماءانجینئرنگ

سماءہاؤس2-A1 1/32ناظم آباد2 کراچی

فون+9221-36602467, 36603311

ویب سائٹwww.samaengineering.com.pk

ڈائریکٹر جنرل

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

فون041-9200161-70/3011

مفیدرابطے(Useful Links)

* Prime Minister`s Office www.pmo.gov.pk
* Small & Medium Enterprises Development Authority (SMEDA) www.smeda.org.pk
* National Bank of Pakistan (NBP) www.nbp.com.pk
* First Women Bank Limited (FWBL) www.fwbl.com.pk
* Government of Pakistan www.pakistan.gov.pk
* Ministry of Education,Training & Standards in Higher Education www.moptt.gov.pk
* Trade Development Authority of Pakistan www.tdap.gov.pk
* Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) www.secp.gov.pk
* Federation of Pakistan Chambers of Commerce and Industry (FPCCI) www.fpcci.com.pk
* State Bank of Pakistan(SBP) www.sbp.org.pk

## 13.3 کلیدی مفروضے

| مندرجات | مفروضات |
|---|---|
| فروخت کی مقدار میں اضافہ | 10%سالانہ |
| قیمت فروخت میں اضافہ | 10%سالانہ |
| فروخت کے خرچے میں اضافہ | 10%سالانہ |
| عملہ کی تنخواہوں میں اضافہ | 10%سالانہ |
| مصرفات کی قیمت میں اضافہ | 10%سالانہ |
| عمارت کے کرایہ میں اضافہ | 10%سالانہ |
| دفتر کے اخراجات میں اضافہ | 10%سالانہ |
| قرض اور ذاتی لاگت کی شرح | 10%:90% |
| عمارت کی تزئین پر خرچ کی قدر میں کمی | 10%سالانہ |
| فرنیچر | 10%سالانہ |
| مدت قرض | 8سال |
| قرضے کی واپسی کی اقساط | ماہانہ بنیاد پر |
| قرض پر شرح سود | 8%سالانہ |
| عام طور پر ماری جانے والی رقم | کل فروخت کی آمدن کا1فی صد |
| قرض کی واپسی کے لئے رعائتی مدت | 1سال |

13.4۔آمدن کا گوشوارہ

## Pickle Processing, Pakaging & Marketing

| Projected Income Statement (Rs.) | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Revenue** | 9,180,000 | 11,107,800 | 13,440,438 | 16,262,930 | 19,678,145 | 23,810,556 | 28,810,772 | 34,861,835 | 42,181,852 | 51,048,011 |
| **Beginning Inventory** | - | 382,500 | 462,825 | 560,018 | 677,622 | 819,923 | 992,186 | 1,200,449 | 1,452,543 | 1,757,577 |
| **Ending Inventory** | 382,500 | 462,825 | 560,018 | 677,622 | 819,923 | 992,186 | 1,200,449 | 1,452,543 | 1,757,577 | 2,126,668 |
| **Gross Revenue** | 8,797,500 | 11,027,475 | 13,343,245 | 16,145,326 | 19,535,845 | 23,638,372 | 28,602,430 | 34,608,948 | 41,876,818 | 50,678,950 |
| **Sales on Credit** | 4,398,750 | 5,513,738 | 6,671,622 | 8,072,663 | 9,767,922 | 11,819,186 | 14,301,215 | 17,304,470 | 20,938,409 | 25,335,475 |
| **Sales on Cash** | 4,398,750 | 5,513,738 | 6,671,622 | 8,072,663 | 9,767,922 | 11,819,186 | 14,301,215 | 17,304,470 | 20,938,409 | 25,335,475 |
| **Bad Debt Expenses** | 43,988 | 55,137 | 66,716 | 80,727 | 97,679 | 118,192 | 143,012 | 173,045 | 209,384 | 253,355 |
| **Net (Adjusted Sales)** | 8,753,513 | 11,027,475 | 13,343,245 | 16,145,326 | 19,535,845 | 23,638,372 | 28,602,430 | 34,608,948 | 41,876,818 | 50,678,950 |
| | | | | | | | | | | |
| **Cost of Sales** | 6,663,482 | 7,936,753 | 9,464,806 | 11,299,882 | 13,505,072 | 16,156,572 | 19,486,738 | 23,513,056 | 28,382,114 | 34,271,489 |
| | | | | | | | | | | |
| Raw Material Cost | 5,517,482 | 6,676,153 | 8,078,146 | 9,774,556 | 11,827,213 | 14,310,928 | 17,316,223 | 20,952,629 | 25,352,681 | 30,676,744 |
| Labor (Production Staff) | 660,000 | 726,000 | 798,600 | 878,460 | 966,306 | 1,062,937 | 1,309,538 | 1,613,351 | 1,987,648 | 2,448,782 |
| Other Utilities | 486,000 | 534,600 | 588,060 | 646,866 | 711,553 | 782,708 | 860,979 | 947,077 | 1,041,784 | 1,145,963 |
| | | | | | | | | | | |
| **Gross Profit** | 2,090,030 | 3,090,722 | 3,878,439 | 4,845,444 | 6,030,773 | 7,481,800 | 9,115,691 | 11,095,884 | 13,494,704 | 16,399,460 |
| **Gross Profit Margin** | 24% | 28% | 29% | 30% | 31% | 32% | 32% | 32% | 32% | 32% |
| | | | | | | | | | | |
| **General Administrative & Selling Expenses** | | | | | | | | | | |
| Salaries | 540,000 | 594,000 | 653,400 | 718,740 | 790,614 | 869,675 | 956,643 | 1,052,307 | 1,157,538 | 1,273,292 |
| Factory/Office Miscellaneous Expenses | 180,000 | 198,000 | 217,800 | 239,580 | 263,538 | 289,892 | 318,881 | 350,769 | 385,846 | 424,431 |
| Rent Expense | 300,000 | 363,000 | 439,230 | 531,468 | 643,077 | 778,123 | 941,529 | 1,139,250 | 1,378,492 | 1,667,975 |
| Amortization of Preliminary Expenses | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Depreciation Expense | 85,000 | 76,500 | 68,850 | 61,965 | 55,769 | 50,192 | 45,172 | 40,655 | 36,590 | 32,931 |
| Maintenance Expense | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 | 18,000 |
| Distribution & Retailer Margin | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Selling & Promotional Expense | 437,876 | 551,374 | 667,162 | 807,266 | 976,792 | 1,181,919 | 1,430,122 | 1,730,447 | 2,093,841 | 2,533,547 |
| | | | | | | | | | | |
| ***Subtotal*** | 1,560,676 | 1,800,874 | 2,064,442 | 2,377,020 | 2,747,789 | 3,187,800 | 3,710,346 | 4,331,429 | 5,070,306 | 5,950,176 |
| **Operating Income** | 529,355 | 1,289,848 | 1,813,997 | 2,468,424 | 3,282,984 | 4,294,000 | 5,405,345 | 6,764,456 | 8,424,398 | 10,449,285 |
| | | | | | | | | | | |
| Financial Charges (8% Per Annum) | 153,618 | 145,912 | 128,213 | 109,046 | 88,287 | 65,806 | 41,459 | 15,091 | - | - |
| | | | | | | | | | | |
| **Earnings Before Taxes** | 375,737 | 1,143,936 | 1,685,784 | 2,359,379 | 3,194,696 | 4,228,194 | 5,363,886 | 6,749,365 | 8,424,398 | 10,449,285 |
| **Tax** | - | 94,090 | 184,657 | 319,376 | 521,174 | 790,958 | 1,131,666 | 1,584,778 | 2,171,039 | 2,879,750 |
| **Net Profit** | 375,737 | 1,049,846 | 1,501,127 | 2,040,003 | 2,673,522 | 3,437,236 | 4,232,220 | 5,164,587 | 6,253,359 | 7,569,535 |
| | | | | | | | | | | |
| **Monthly Profit After Tax** | 31,311 | 87,487 | 125,094 | 170,000 | 222,794 | 286,436 | 352,686 | 430,382 | 521,113 | 630,795 |

13.5۔گردشِ نقد کا گوشوارہ (کیش فلو)

## Pickle Processing, Pakaging & Marketing

| Projected Statement of Cash Flows (Rs) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Cash Flow From Operating Activities** | | | | | | | | | | | |
| Net Profit | 0 | 375,737 | 1,049,846 | 1,501,127 | 2,040,003 | 2,673,522 | 3,437,236 | 4,232,220 | 5,164,587 | 6,253,369 | 7,569,535 |
| Add: Depreciation Expense | 0 | 85,000 | 76,500 | 68,850 | 61,965 | 55,769 | 50,192 | 45,172 | 40,655 | 36,590 | 32,931 |
| Amortization Expense | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | - | - | - | - | - |
| (Increase) / decrease in Receivables | - | (366,563) | (92,916) | (96,490) | (116,753) | (141,272) | (170,939) | (206,836) | (250,271) | (302,828) | (366,422) |
| (Increase) / decrease in RM | - | 459,790 | (96,556) | (116,833) | (141,368) | (171,055) | (206,976) | (250,441) | (303,034) | (366,671) | (443,672) |
| (Increase) / decrease in FG Inventory | | (382,500) | (80,325) | (97,193) | (117,604) | (142,301) | (172,184) | (208,342) | (252,094) | (305,034) | (369,091) |
| **Net Cash Flow From Operations** | 0 | 171,465 | 856,549 | 1,259,461 | 1,726,243 | 2,274,664 | 2,937,329 | 3,611,773 | 4,399,843 | 5,315,415 | 6,423,280 |
| **Cash Flow From Financing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Receipt of Long Term Debt | 1,920,222 | | | | | | | | | | |
| Repayment of Long Term Debt | | | (213,236) | (230,935) | (250,102) | (270,861) | (293,342) | (317,689) | (344,057) | - | - |
| Owner's Equity | 213,358 | | | | | | | | | | |
| **Net Cash Flow From Financing Activities** | 2,133,580 | 0 | (213,236) | (230,935) | (250,102) | (270,861) | (293,342) | (317,689) | (344,057) | 0 | 0 |
| **Cash Flow From Investing Activities** | | | | | | | | | | | |
| Capital Expenditure | (600,000) | | | | | 0 | | | | | 0 |
| Factory/Office Furniture | (100,000) | | | | | | | | | | |
| Preliminary Operating Expenses | 0 | | | | | | | | | | |
| Purchase of Raw Material Inventory | (919,580) | | | | | | | | | | |
| Advance Rent | (150,000) | | | | | | | | | | |
| Construction & Renovation | (150,000) | | | | | | | | | | |
| **Net Cash Flow From Investing Activities** | (1,919,580) | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| NET CASH FLOW | 214,000 | 171,465 | 643,313 | 1,028,526 | 1,476,141 | 2,003,803 | 2,643,987 | 3,294,084 | 4,055,786 | 5,315,415 | 6,423,280 |
| Cash at the Beginning of the Period | 0 | 214,000 | 385,465 | 1,028,778 | 2,057,303 | 3,533,444 | 5,537,247 | 8,181,234 | 11,475,318 | 15,531,104 | 20,846,519 |
| Cash at the End of the Period | 214,000 | 385,465 | 1,028,778 | 2,057,303 | 3,533,444 | 5,537,247 | 8,181,234 | 11,475,318 | 15,531,104 | 20,846,519 | 27,269,800 |

13.6۔اثاثوں اور وسیلہ جات کا گوشوارہ

## Pickle Processing, Pakaging & Marketing

| Projected Balance Sheet (Rs.) | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| ***Current Assets*** | | | | | | | | | | | |
| **Cash & Bank Balance** | 214,000 | 385,465 | 1,028,778 | 2,057,303 | 3,533,444 | 5,537,247 | 8,181,234 | 11,475,318 | 15,531,104 | 20,846,519 | 27,269,800 |
| **Raw Material Inventory** | 919,580 | 459,790 | 556,346 | 673,179 | 814,546 | 985,601 | 1,192,577 | 1,443,019 | 1,746,052 | 2,112,723 | 2,556,395 |
| **Finished Goods Inventory** | 0 | 382,500 | 462,825 | 560,018 | 677,622 | 819,923 | 992,106 | 1,200,449 | 1,452,543 | 1,757,577 | 2,126,668 |
| **Accounts Receivable** | 0 | 366,563 | 459,478 | 555,969 | 672,722 | 813,994 | 984,932 | 1,191,768 | 1,442,039 | 1,744,867 | 2,111,290 |
| **Advance Rent** | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 | 150,000 |
| **Total Current Assets** | 1,283,580 | 1,744,317 | 2,657,427 | 3,996,469 | 5,848,335 | 8,306,765 | 11,490,850 | 15,460,553 | 20,321,739 | 26,611,608 | 34,214,153 |
| ***Fixed Assets*** | | | | | | | | | | | |
| **Plant Machinery & Facility** | 600,000 | 540,000 | 486,000 | 437,400 | 393,660 | 354,294 | 318,865 | 286,978 | 258,280 | 232,452 | 209,207 |
| **Factory Construction** | 150,000 | 135,000 | 121,500 | 109,350 | 98,415 | 88,574 | 79,716 | 71,745 | 64,570 | 58,113 | 52,302 |
| **Land** | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| **Furniture & Fixtures** | 100,000 | 90,000 | 81,000 | 72,900 | 65,610 | 59,049 | 53,144 | 47,830 | 43,047 | 38,742 | 34,868 |
| **Vehicle** | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| **Total Fixed Assets** | 850,000 | 765,000 | 688,500 | 619,650 | 557,685 | 501,917 | 461,725 | 406,552 | 365,897 | 329,387 | 296,377 |
| ***Intangible Assets*** | | | | | | | | | | | |
| **Preliminary Expenses** | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | - | - | - | - | - | - |
| Total Assets | 2,133,580 | 2,509,317 | 3,345,927 | 4,616,119 | 6,406,020 | 8,808,681 | 11,952,575 | 15,867,106 | 20,687,636 | 26,940,995 | 34,510,530 |
| **Owner's Equity** | 213,358 | 589,095 | 1,638,941 | 3,140,068 | 5,180,071 | 7,853,593 | 11,290,828 | 15,523,049 | 20,687,636 | 26,940,995 | 34,510,530 |
| **Long Term Liability** | 1,920,222 | 1,920,222 | 1,706,986 | 1,476,051 | 1,225,949 | 955,088 | 661,746 | 344,057 | 0 | 0 | 0 |
| Total Equity & Liabilities | 2,133,580 | 2,509,317 | 3,345,927 | 4,616,119 | 6,406,020 | 8,808,681 | 11,952,575 | 15,867,106 | 20,687,636 | 26,940,995 | 34,510,530 |